حدیث ابو عمیر کا تعارفی مطالعہ تعلیمات محدثین کی روشنی میں

An Introductory Study of the Hadith of Abu Umayr in the Light of the Teachings of the Hadith Scholars

1. Muhammad Sajid Saleem	2.Dr.Hafiz Ahmed Saeed Rana
PhD Scholar, Government College University, Faisalabad	P.hD. Arabic, BZU Multan, Punjab
Email: msajidsaleem91@gmail.com	**Email:** hafizahmadsaeed90@gmail.com

To cite this article:

1. Muhammad Sajid Saleem, Dr.Hafiz Ahmed Saeed Rana . Jan – June (2024) Urdu

حدیث ابو عمیر کا تعارفی مطالعہ تعلیمات محدثین کی روشنی میں

Al-Bahis Journal of Islamic Sciences Research, *1*(2),191-209 Retrieved from https://brjisr.com/index.php/brjisr/article/view/14



Attribution-NonCommercial-ShareAlike 4.0 International (CC BY-NC-SA 4.0)

OPEN ACCESS

حدیث ابو عمیر کا تعارفی مطالعہ تعلیمات محدثین کی روشنی میں

An Introductory Study of the Hadith of Abu Umayr in the Light of the Teachings of the Hadith Scholars

Abstract

This study entitled with "An In-depth Analysis of the Advantages and Challenges Arising from the Hadith of Abu Umair," thoroughly examines the many ramifications of this particular hadith in the context of Islamic law and educational systems. The research, written by Imām Aḥmad Ibn al-Qayṣ Ṭabarī, examines the importance of the Hadith of Abū Umayr. This Hadith, recounted by Anas ibn Mālik, describes a caring encounter between the Prophet Muḥammad (PBUH) and a little child named Abū Umayr. The examination clarifies the wide-ranging interpretations and advantages obtained from the hadith, highlighting its crucial role in explaining Quranic concepts. The research emphasises the significance of the hadith in Islamic education by demonstrating its provision of comprehensive instruction on essential Islamic behaviours, including prayer and fasting. Moreover, the research examines the socio-cultural and legal consequences of the hadith, including the acceptability of using smaller versions of names, the moral implications of humour and engagement with youngsters, and the guidelines for Muslim behaviour in private and public settings. This research provides a comprehensive knowledge of the applicability of the hadith in several areas of everyday life by incorporating ideas from other important hadiths and academic commentary. This thorough analytical method not only enriches the scholarly discussion on hadith literature but also offers vital practical insights for present-day Muslim communities, improving their comprehension and implementation of prophetic traditions.

Keywords: Hadith of Abū Umayr; Islamic Jurisprudence; Prophetic Traditions; Quranic Interpretation; Socio-cultural Implications

اللہ تعالیٰ نے انسانیت کی ہدایت و راہنمائی کیلئے جو کتب نازل فرمائیں ان میں سب سے آخری کتاب سب سے آخری نبی احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ پر نازل فرمائی۔قرآن کریم کے متعلق فرمایا: تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَىْءٍ[1] ہر چیز کا روشن بیان ہے۔ صاحب قرآن کے متعلق فرمایا: لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ[2] کہ تم لوگوں سے بیان کردو جو ان کی طرف اُترا۔" نبی کریم ﷺ قرآن کریم کے شارح ہیں اور آپ ﷺ کی سیرت قرآن کی عملی تفسیر ہے۔قرآن کے احکام و مسائل کی

---

[1] القرآن 44 : 16

Al-Qur'ān 16: 44

[2] القرآن 89 : 16

Al-Qur'ān 16: 89

تفصیلات احادیث نبویہ سے معلوم ہوتی ہیں اور قرآن کی مکمل تفہیم احادیث کے بغیر ممکن نہیں۔اس لیے علمائے محدثین نے حدیث کو قرآن کے بعد اشرف العلوم قرار دیا ہے۔

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "تدریب الراوی" میں فرمایا کہ علم حدیث کو اشرف العلوم سمجھا جاتا ہے کیونکہ اس کا تعلق براہ راست رسول اللہ ﷺ کی ذات مبارکہ سے ہے۔اس علم میں حضور ﷺ کے اقوال وافعال کا مطالعہ کیا جاتا ہے اور دیگر علوم شرعیہ کے لئے اس کی ضرورت ہوتی ہے۔ علم فقہ اور علم تفسیر دونوں میں حدیث کی اہمیت واضح ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ کے اقوال وافعال کے بغیر قرآن کی مراد کو سمجھنا ممکن نہیں۔ لہذا، علم حدیث کو افضل العلوم قرار دیا گیا ہے۔[3]

جس طرح الفاظ قرآنیہ کی تفسیر، توضیح، تشریح و تفہیم کیلئے علمائے مفسرین و محققین نے مختلف جہات واسالیت کے اعتبار سے کتب تصنیف فرمائیں مثلاً تفسیر القران بالقرآن، تفسیر القرآن بالحدیث، تفسیر القرآن باقوال الصحابہ، یوں ہی لغوی، جزوی، کلامی، احکامی، موضوعاتی اور صوفیانہ اعتبار سے بھی مستقل کتب تفسیر تصنیف فرمائی ہیں۔اسی طرح علمائے محدثین اور علوم حدیث سے شغف رکھنے والے محققین نے بھی احادیث نبویہ کی توضیح و تشریح کیلئے مختلف جہات یعنی متن وسند ورجال الحدیث اور موضوعاتی اعتبار سے شروحات حدیث پر باقاعدہ مستقل کتب تصنیف کیں۔ بعض علماء نے اپنے علمی ذوق اور بعض مخصوص احادیث کی فضیلت، جامعیت و معنویت کی بناء پر کتب احادیث میں سے ان منتخب احادیث کو جمع کر کے شرح وبسط اور ان سے ماخوذ و مستنبط مسائل و فوائد کے ساتھ مجموعہ کی صورت میں مرتب کیا۔ جیسے امام یحیٰ بن شرف نووی رحمۃ اللہ علیہ کی ''ریاض الصالحین'' اور ''الاربعین النوویۃ'' وغیرہ۔ بعض علماء نے کتب احادیث میں سے ایک منتخب حدیث کی شرح اور اس سے ماخوذ تمام علمی و فقہی مسائل و فوائد کو جمع کر کے مستقل کتب تصنیف کیں۔ مثلاً علما اور خواص و عام میں مشہور ہونے والی احادیث میں ''حدیث جبریل'' کی شرح میں میری معلومات کے مطابق بارہ سے زائد کتب لکھی گئیں۔ حدیث ''انما الاعمال بالنیات'' کی شرح پر مستقل کتب موجود ہیں۔ایک حدیث کو اس کی شرح اور اس سے اخذ ہونے والے مسائل وفوائد وحکمتوں کو بیان کرنے کے اس رجحان و اسلوب کے تحت مزید درج ذیل کتب تصنیف کی گئیں۔

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف
۱	جزء فیہ فوائد حدیث ابی عمیر	امام ابو العباس احمد ابن القاص طبری، متوفی ۳۳۵ھ
۲	جزء فیہ شرح حدیث حب الی من دنیا کم	ابو بکر محمد بن حسین انصاری اصبہانی متوفی ۴۰۶ھ
۳	شرح حدیث المقتفیٰ فی مبعث نبی المصطفیٰ	امام شہاب الدین ابو شامہ مقدسی متوفی ۶۶۵ھ
۴	شرح حدیث انما الاعمال بالنیات	محی الدین یحیی بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ
۵	شرح حدیث لبیک الھم لبیک	امام ابن رجب حنبلی متوفی ۷۹۵ھ
۶	شرح حدیث ماذئبان جائعان	امام ابن رجب حنبلی متوفی ۷۹۵ھ
۷	شرح حدیث مثل الاسلام	امام ابن رجب حنبلی متوفی ۷۹۵ھ
۸	شرح حدیث تمثیل المومن بخامۃ الذرع	امام ابن رجب حنبلی متوفی ۷۹۵ھ
۹	شرح حدیث ابی الدرداء	امام ابن رجب حنبلی متوفی ۷۹۵ھ

[3] سیوطی، جلال الدین، تدریب الراوی فی شرح تقریب النواوی، مقدمہ سیوطی، ج 1 ، ص 25
Al-Suyūṭī, Jalāl al-Dīn. *Tadrīb al-Rāwī fī Sharḥ Taqrīb al-Nawāwī*. Muqaddimat al-Suyūṭī, Vol. 1 , Pg 25

۱۰	شرح حدیث الھم بعلمک الغیب	امام ابن رجب حنبلی متوفی ۷۹۵ھ
۱۱	شرح حدیث اختصام الملاء الاعلیٰ	امام ابن رجب حنبلی متوفی ۷۹۵ھ
۱۲	شرح حدیث ان اللہ طیب لایقبل الا طیبا	امام ابن رجب حنبلی متوفی ۷۹۵ھ
۱۳	شرح حدیث الحلال بین والحرام بین	امام ابن رجب حنبلی متوفی ۷۹۵ھ
۱۴	شرح حدیث التسبیح	ابو عبداللہ محمد بن یونس الصفوی متوفی ۸۹۵ھ
۱۵	شرح حدیث التھلیل	ابو عبداللہ محمد بن یونس الصفوی متوفی ۸۹۵ھ
۱۶	شرح حدیث ام زرع	جمال الدین محمد بن ابی بکر شافعی متوفی ۹۹۱ھ
۱۷	شرح حدیث انما الاعمال بالنیات	ابراہیم بن حسن بن شہاب الدین شافعی متوفی ۱۱۰۱ھ
۱۸	سعادۃ الدارین فی شرح حدیث الثقلین	شاہ ولی اللہ دھلوی متوفی ۱۱۷۴ھ
۱۹	شرح حدیث جبریل فی الاسلام والایمان	عبدالعزیز بن مرزوق الطریفی
۲۰	شرح حدیث جبریل	ڈاکٹر صالح بن فوزان بن عبداللہ
۲۱	شرح حدیث جابر فی صفۃ حجۃ النبی ﷺ	عبداللہ بن صالح الفوزان
۲۲	شرح حدیث جبریل فی بیان مراتب الدین	شیخ محمد بن غالب العمری
۲۳	شرح حدیث جبریل فی تعلیم الدین	ربیع بن ھادی عمیر المدخلی
۲۴	شرح حدیث جبریل عن ارکان الایمان	ایمان خلیل
۲۵	شرح حدیث جبریل	محمد بن صالح العثیمین
۲۶	شرح حدیث جبریل فی تعلیم الدین	عبدالمحسن حمد العباد
۲۷	شرح حدیث جبریل	حبیب زین بن ابراہیم سمیط
۲۸	الاکلیل فی شرح حدیث جبریل	محمد بن ریاض احمد الاثری
۲۹	النفحۃ الالٰھیۃ فی شرح حدیث المسلسل بالاولیۃ	یحیی بن عبداللہ البکری
۳۰	تمام المنۃ شرح حدیث ام السنۃ	حمیدان زیاد محمد
۳۱	خیر الکلام فی حدیث یحیی علیہ السلام	شیخ حسین بن محمود الصادق
۳۲	شرح حدیث اتانی اللیۃ اتیان	شیخ حسین بن محمود الصادق
۳۳	شرح حدیث انا کنا فی جاہلیۃ	ڈاکٹر صالح بن فوزان
۳۴	شرح وصیۃ النبی فی حدیث عرباض بن ساریہ	ڈاکٹر صالح بن فوزان
۳۵	شرح حدیث لاتزال طائفۃ من امتی	ابراہیم عبداللہ السلقینی
۳۶	صفۃ وضوء النبی شرح حدیث عثمان	عبدالعزیز بن مرزوق الطریفی
۳۷	صلاح البریۃ شرح حدیث النیۃ	ڈاکٹر محمد یسری الابراہیم
۳۸	فراش النار شرح حدیث مثلی ومثلکم۔۔۔	عبدالرحمن یوسف الفرحان

۳۹	شرح حدیث حذیفۃ	شیخ ابراہیم بن عبداللہ
۴۰	حدیث البراء بن عازب	شیخ ابراہیم بن عبداللہ الزرعی
۴۱	شرح حدیث من ادرکہ رمضان	محمد بن عبداللہ الامام
۴۲	شرح حدیث علیکم بالجماعۃ	عبدالرحمن بن سلمی العمادی
۴۳	المشکاۃ شرح حدیث اِتق اللہ	محمد یسری ابراہیم
۴۴	شرح حدیث الحقیقۃ	شیخ احمد الحسانی
۴۵	فوائد من شرح حدیث جابر فی صفۃ حجۃ النبی	ھلال بن عبدالمجید الزھرانی
۴۶	شرح حدیث سید الاستغفار	عبدالرزاق بن عبدالمحسن البدر
۴۷	شرح حدیث الاسراء والمعراج	محمد متولی الشعراوی
۴۸	حدیث خالد بن ولید رضی اللہ عنہ بنام اعرابی کے سوالات اور عربی آقا کے جوابات	المدینہ العلمیہ کراچی

"حدیث ابو عمیر" کا تعارف

حدیث ابو عمیر کتب صحاح ستہ سمیت کئی کتب احادیث میں مختلف الفاظ وکلمات کے ساتھ مذکور ہے۔اس حدیث کے راوی خادم دربار رسالت حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ ہیں۔اس حدیث میں چونکہ نبی کریم ﷺ نے ایک چھوٹے یتیم بچے کو اس کی کنیت سے ازراہِ شفقت یہ الفاظ ارشاد فرمائے:"يَا أَبَا عُمَيْر،مَافَعَلَ النُّغَيْر" (اے ابو عمیر! چڑیا کا کیا ہوا؟)اس لئے محدثین نے اسے "باب المزاح"اور چھوٹے بچے کیلئے کنیت رکھنے کے باب"میں ذکر کیا ہے۔امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے الادب المفرد اور صحیح بخاری کی"کتاب الادب"میں دو مقامات پر اس روایت کو ذکر کیا۔[4] اسی طرح یہ حدیث صحیح مسلم، سنن ترمذی وشمائل ترمذی، سنن ابوداؤد، ابن ماجہ، نسائی، مسند احمد بن حنبل، سنن کبری للنسائی، معجم اوسط للطبرانی، مصنف ابن ابی شیبہ اور مرقاۃ المفاتیح لملا علی قاری میں بھی مختلف الفاظ کے ساتھ مذکور ہے۔[5]

"حدیث ابو عمیر" کی شرح میں علامہ عینی نے عمدۃ القاری، امام ابن حجر عسقلانی نے فتح الباری اور امام بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے "شرح السنۃ" میں اس سے چند فقہی ودیگر مسائل وفوائد کا استنباط کرکے علامہ ابن القاص طبری کے اسی رسالہ کا ذکر کیا ہے۔

اعلیٰ حضرت مولانا شاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ نے علوم مصطفے ﷺ پر اپنی علمی وتحقیقی کتاب "انباء الحیّ ان کلامہ المصوّن تبیان لکل شی"(جس کا اردو ترجمہ مولانا محمد عیسیٰ رضوی قادری نے بنام "قرآن ہر شے کا بیان" سے کیا۔)میں "حدیث ابو عمیر" کو بطور استشہاد کے ذکر فرمایا۔اعلیٰ حضرت مذکورہ کتاب میں "قرآن عظیم کے ظاہری علوم کی کثرت" کے تحت لکھتے ہیں: قرآن کے علوم ظاہری و باطنی کے درمیان اور بھی بہت سارے علوم موجود ہیں جو ان دونوں علموں کے علاوہ ہیں۔علامہ باجوری نے شرح بردہ شریف میں اس مصرع لَهَا مَعَانٍ كَمَوجِ الْبَحْرِ فِي مددٍ کے تحت فرمایا:"آیات قرآنیہ

---

4 بخاری، محمد بن اسماعیل، الادب المفرد، باب الکنیۃ للصبی، بیروت: دار البشائر الاسلامیہ، 1409ھ، حدیث نمبر: 847، ص295

Al-Bukhārī, Muḥammad ibn Ismāʿīl. *Al-Adab al-Mufrad*. Bāb al-Kunyah lil-P.abī, Raqm al-. Bayrūt: Dār al-Bashā'ir al-Islāmiyyah, 1409H. Ḥadīth: 847, P. 295

5 مسلم بن الحجاج، صحیح مسلم، کتاب الآداب، باب استحباب تحنیک المولود عند ولادتہ، حدیث نمبر 2150، ترمذی، محمد بن عیسی، سنن ترمذی وشمائل ترمذی، باب ماجاء فی المزاح، حدیث نمبر 1989

Muslim ibn al-Ḥajjāj. *P.aḥīḥ Muslim*. Kitāb al-Ādāb, Bāb Istiḥbāb Taḥnīk al-Mawlūd ʿind Wilādatih, Raqm al-Ḥadīth 2150. Al-Tirmidhī, Muḥammad ibn ʿĪsā. *Sunan al-Tirmidhī wa Shamā'il al-Tirmidhī*. Bāb Mā Jā'a fī al-Mizāḥ, Raqm al-Ḥadīth 1989.

کے معانی ایسے ہی بکثرت ہیں جس طرح سمندر کی موجیں"(أیْ لتلک لآیات معان کثیرۃ لا نھایۃ لھا، یعنی ان آیات کے معانی اس قدر ہیں کہ شمار سے باہر ہیں۔)

علامہ باجوری نے اس سے بعض کے قول کی طرف اشارہ کیا کہ قرآن کریم کے وہ علوم جو ظاہری معنی پر محمول ہیں ان میں سب سے کم تعداد کا قول یہ ہے کہ ان علوم کا مجموعہ قرآن کے اندر چوبیس ہزار آٹھ سو ہے۔[6] کیا اس سے یہ سمجھا جائے گا کہ ان ظاہری معنی کے استخراج پر ہر عالم کامیاب ہو جائے گا جب ایک عالم ان علوم کا استقصاء (احاطہ) نہیں کر سکتا ہے تو عام مومن اور اہل زبان انہیں کیسے نکال سکیں گے؟ اور اگر ان علوم کے غور و فکر میں عالم کامل کی عمر ختم ہو جائے پھر بھی وہ ان کے مطلع تک نہیں پہنچ سکتے۔ جب غور و فکر سے یہ علوم حاصل نہیں ہو سکتے تو تامل سے مستغنی ہو کر ان کا ادراک کیسے ہو سکتا ہے۔ ایک حدیث میں ہے: "یا ابا عُمیر مَافَعَلَ نُغَیر" "اے ابو عمیر! چڑیا کے بچے کا کیا ہوا؟

امام جلال الدین سیوطی حاشیہ شرح بخاری میں اس حدیث کے بارے میں فرماتے ہیں: ابن القاص نے اس حدیث کی شرح میں ایک کتاب لکھی ہے جس میں انہوں نے اس مختصر سی حدیث سے ساٹھ سے زیادہ فوائد کا استخراج کیا ہے۔"[7] میں تم سے اللہ تعالیٰ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ یہ حدیث اصول دین کے بارے میں نہیں ہے اور نہ ہی اسے اظہارِ حکم کے لئے بیان کیا گیا ہے اس کے باوجود علماء ظاہر کے ایک شخص کو ساٹھ سے زیادہ فوائد کے سمجھنے کی توفیق دی گئی۔ پھر آگے کچھ صفحات بعد "حدیث ابو عمیر کے فوائد" پر مکمل بحث فرماتے ہوئے لکھتے ہیں: " توشیح سے مذکور ہوا کہ ابو العباس نے ابو عمیر کی حدیث میں ساٹھ سے زائد فوائد بیان کئے۔

ابو عمیر کی حدیث یہ ہے۔ "یا ابا عمیر مافعل النغیر" "اے ابو عمیر چڑیا کے بچے کو کیا ہوا۔ اس سلسلے میں ہم نے فتح الباری کی طرف رجوع کیا تو اس میں لکھا ہوا دیکھا کہ بعض لوگوں نے محدثین پر عیب لگایا ہے کہ وہ ایسی چیز کی روایت کرتے ہیں جن میں کوئی فائدہ نہیں اور اس کی مثال میں ایک حدیث ابو عمیر کو پیش کیا۔

صاحب فتح الباری نے فرمایا کہ جس حیلہ و تدبیر سے بھی ہو یہ معلوم ہوا کہ اس حدیث میں فقہ اور فنون ادب کے وجوہ اور ساٹھ طرح کے فوائد ہیں، پھر انہوں نے ان فوائد کو شرح و بسط کے ساتھ بیان کیا اور سیدی حافظ ابن حجر نے صاحب توشیح کے کلام سے ان فوائد کی تلخیص کی تو اسی حدیث سے اکاون فائدے اخذ کئے اور طُرقِ حدیث تلاش و جستجو کے فوائد میں باضابطہ ایک فصل مقرر کی جس میں پانچ فائدے ذکر کئے تو کل فوائد چھپن ہو گئے۔[8]

فقیہ طبری نے ساٹھ فائدے مراد لیے تھے، لیکن حافظ ابن حجر نے ان کے بعض کلام کو ساقط کر دیا۔ پھر حافظ ابن حجر نے ابن بطال وغیرہ کی روایت سے بارہ فائدے زائد کیے، جس سے کل فوائد اڑسٹھ ہو گئے۔ اکثر فوائد حدیث میں مذکور قصہ سے نکالے گئے ہیں، جہاں حضور اقدس ﷺ نے اُمِّ سُلیم کی زیارت کی اور ان کے گھر میں جماعت سے نماز پڑھی۔

یہ فوائد مخفی نہیں ہیں اور نہ ان کا انکار کیا جا سکتا ہے۔ محدثین پر عیب لگانے والوں کا مقصود صرف محدثین کی روایت ہے۔ انہوں نے حضور ﷺ کے فرمان "یا ابا عمیر ما فعل النغیر" (اے ابو عمیر چڑیا کے بچے کو کیا ہوا؟) کو صرف تفریح اور مزاح سمجھا، جبکہ حقیقت میں حضور ﷺ کے اقوال و افعال میں کثیر فوائد اور اہم حکمتیں موجود ہوتی ہیں۔ اس لیے ان فوائد کا اہتمام کرنا مناسب ہے جو اس حدیث کے الفاظ میں مخفی و پنہاں ہیں۔

---

6 بوصیری، شرف الدین، البردۃ، شرح شیخ ابراہیم باجوری، قاہرہ: مکتبۃ الصفاء، مصر، ص56
Al-Būs.īrī, Sharaf al-Dīn. Qap.īdat al-Burdah. Sharḥ Shaykh Ibrāhīm Bājūrī, P. 56. Al-Qāhirah: Maktabat al-Safa ,Misr , P 56

7 سیوطی، جلال الدین، التوشیح شرح الجامع الصحیح، ریاض: مکتبۃ الرشد، 1419ھ، تحت الحدیث 6203، ص3724
Al-Suyūṭī, Jalāl al-Dīn. *Al-Tawshīḥ Sharḥ al-Jāmiʿ al-P.aḥīḥ*. Al-Riyāḍ: Maktabat al-Rushd, 1419H. Taḥt al-Ḥadīth 6203, P 3724

8 ابن حجر العسقلانی، احمد بن علی، فتح الباری، کتاب الادب، قولہ باب الکنیتہ، بیروت: دار المعرفۃ، 1421ھ، الحدیث 6202، ج 10، ص 583
Ibn Ḥajar al-ʿAsqalānī, Aḥmad ibn ʿAlī. Fatḥ al-Bārī Sharḥ P.aḥīḥ al-Bukhārī. Kitāb al-Adab, Qawluhu Bāb al-Kunyah. Bayrūt: Dār al-Maʿrifah, 1421H. al-Ḥadīth 6202, Vol. 10 , Pg 583

امام ترمذی نے شمائل میں اور امام نووی نے شرح مسلم میں درست کہا ہے کیونکہ ان دونوں محدثین نے صرف ان فوائد کو جمع کیا جو حدیث کے صرف اس جملے (يَا أَبَا عُمَيْر ،مَافَعَلَ النُّغَيْر)ہی سے نکلتے ہیں۔ پھر میں نے اس کی تلخیص کی جو ابن قاص نے ذکر کیا ہے تو میں نے اس میں اٹھارہ فائدے پائے جو حدیث کے اسی جملے سے متعلق ہیں اور حافظ ابن حجر نے آٹھ فوائد کا اضافہ کیا مگر میرے نزدیک دو فائدے مکمل نہیں ہیں۔ اور امام نووی نے میرے لئے چار کا اوراضافہ فرمایا، میں نے ایک کا اور استفادہ کیا اس سے جو امام ابن حجر مکی کی شرح شمائل میں موجود ہے۔ اور رب ذوالجلال نے اس فقیر بندہ کے دل پر گیارہ فوائد کا فیضان فرمایا لہذا یہ چالیس فائدے مکمل ہوگئے اور مجھے اِن سے زیادہ فوائد کی بھی امید ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اس وقت میرا ارادہ یہ ہے کہ اس سلسلے سے فارغ ہونے کے بعد ایک رسالہ لکھوں گا جس کا نام "منبت الخير في حديث يا ابا عمير" (۱۳۲۳ء) رکھوں گا ان شاء اللہ تعالیٰ تاکہ اس کا جزء اول اس کی تاریخ تصنیف پر دلالت کرے۔ اللہ تعالیٰ سے ہی ہر عظیم و کثیر خیر کی توفیق ہے۔[9]

مؤلف کے حالات زندگی

نام ابو العباس احمد بن ابو احمد ہے۔ ابن القاص کے لقب سے مشہور ہیں۔ طبرستان میں سکونت کی وجہ سے طبری کہلاتے ہیں۔ شافعی فقیہ ہیں۔ طبرستان میں اپنے وقت کے بہت بڑے امام تھے۔ ابن سریج سے فقہ کی تعلیم پائی۔ کئی کتب تصنیف فرمائیں۔ آپ کی تصانیف میں تہذیب الآثار، السمط الثمین، التلخیص، ادب القاضی، المفتاح وغیرہ شامل ہیں۔ تلخیص کی شرح ابو عبداللہ الختن اور شیخ ابو علی السنجی نے کی ہے۔ یہ ایک مختصر کتاب ہے جس کا ذکر امام ابن اثیر جزری نے النہایۃ میں اور امام غزالی رحمۃ اللہ علیہم نے بھی کیا ہے۔

علامہ ابن القاص طبری کی اکثر تصانیف قلیل الحجم مگر کثیر الفوائد ہوتی ہیں۔ بڑے اچھے واعظ بھی تھے۔ ان کی مجلس وعظ نہائت رقت انگیز ہوتی۔ مقام طرسوس میں منصب قضاء پر بھی فائز رہے۔ منقول ہے کہ ایک بار مقام طرسوس میں دوران وعظ آپ پر خوف و خشیت کے ایسی کیفیت طاری ہوئی کہ بے ہوش کر زمین پر گر پڑے۔ 335ھ ہجری میں آپ کا انتقال ہوا۔ ایک قول کے مطابق ۳۳۶ھ میں وفات پائی۔ علامہ ابن القاص طبری کے والد قاص کے لقب سے معروف تھے کیونکہ وہ اخبار و آثار کو بیان کیا کرتے تھے۔

حضرت اُمّ سُلیم رضی اللہ عنہا

نام و نسب و خاندان و قبیلہ: ام سلیم رضی اللہ عنہا انکا اصل نام روایات میں مختلف بیان کیا گیا ہے، جیسا کہ سہلہ، رمیلہ، رمیصاء، یا غمیصاء۔ بہر حال وہ اپنی کنیت سے ہی مشہور ہیں۔ بخاری شریف میں یہ کنیت ام انس بھی بیان ہوئی ہے۔ البتہ والد کی طرف سے انکا شجرہ کچھ یوں ہے: ام سلیم بنت ملحان بن خالد بن زید بن حرام بن جندب بن عامر بن غنم بن عدی بن نجار بن ثعلبہ بن عمرو بن خزرج۔ اور والدہ کی طرف سے شجرہ اسطرح ہے؛ ام سلیم بنت ملکہ بنت مالک بن عدی بن زید مناۃ بن عدی بن عمرو بن مالک بن نجار۔

انکا تعلق بنو نجار سے تھا جو کہ مدینہ منورہ کے مشہور و معروف قبیلہ خزرج کی ایک شاخ ہے۔ یہ قبیلہ حضور ﷺ کو بہت محبوب تھا۔ جیسا کہ روایات میں حضور ﷺ نے انصار کے گھرانوں میں بنو نجار کو بہترین قرار دیا ہے۔ حضور ﷺ کے دادا کی والدہ بھی اسی قبیلے سے تھیں۔

---

9 انباء الحی ان کلامہ المصون تبیان لکل شئی اردو ترجمہ بنام: قرآن ہر شے کا بیان ،لاہور: مکتبہ اعلیٰ حضرت، 2022ء ، ص65، 113-115
Anbā' al-Ḥay an Kalāmahu al-Map.ūn Tibyān likulli Shayʾ Urdu Tarjamah Banām: *Qurʾān Har Shay kā Bayān*. Lāhore : Maktabah Aʿlā Ḥaḍrat, 2022. , P 65, 113-115

حضرت اُمِّ سلیم کا تعلق مدینہ کے مشہور قبیلے خزرج کی شاخ بنو نجّار سے تھا، جو حضور ﷺ کا محبوب قبیلہ تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ انصار کے گھرانوں میں بنو نجّار بہترین ہے۔ اسی قبیلے سے رسول اللہ ﷺ کے دادا کی والدہ کا تعلق بھی تھا۔ مشہور صحابی رسول حضرت اَبوایوب انصاری کا تعلق بھی اسی قبیلے سے تھا۔ اور یہی وہ قبیلہ ہے کہ جن کی ننھی بچیوں نے دف بجا کر کچھ یوں حضور کی مدح سرائی کرتے ہوئے استقبال کیا۔[10]

نحنُ جَوارٍ مِن بني النجارِ يَا حَبَّذا مُحَمَّدٌ من جَارِ[11]

ہم بنو نجار کی لڑکیاں ہیں، ہمارے ہمسائے محمد ﷺ کیا ہی اچھے ہمسائے ہیں۔

اسی شعر کی ترجمانی ''شاہنامہ اسلام'' میں حفیظ جالندھری نے یوں کی ہے:

کہیں معصوم ننھی بچیاں تھیں، دف بجاتیں تھیں   رسولِ پاک کی جانب اِشارہ کر کے گاتیں تھیں
کہ ہم ہیں بچیاں نجّار کے عالی گھرانے کی   خوشی ہے آمنہ کے لعل کے تشریف لانے کی

کئی اور اجلاء اصحاب رسول ﷺ کا تعلق بھی اسی قبیلہ سے تھا جیسا کہ، حضرت حسان بن ثابت، ابی بن کعب، ابوایوب خالد بن زید انصاری، معاذ اور معوذ، سہل اور سہیل رضی اللہ عنہم۔

حضرت اُمِّ سلیم کا نکاح اسلام قبول کرنے سے پہلے بنو نجار کے مالک بن نضر سے ہوا، جن سے دو بیٹے بَراء اور اَنَس پیدا ہوئے، جو صحابیت کا شرف رکھتے تھے۔ مالک بن نضر کی وفات کے بعد، حضرت ابو طلحہ نے نکاح کا پیغام بھیجا۔ حضرت اُمِّ سلیم نے اسلام قبول کرنے کی شرط رکھی، جسے ابو طلحہ نے کچھ دیر سوچنے کے بعد قبول کیا اور کلمہ پڑھا۔ حضرت اُمِّ سلیم اور حضرت ابو طلحہ کا نکاح اسلامی بنیادوں پر ہوا۔ حضرت اُمِّ سلیم علم و حکمت، شجاعت، سخاوت، صبر، اور محبت و اتباع رسول جیسی صفات سے متصف تھیں۔ آپ سے 14 احادیث مروی ہیں، جن میں سے ایک متفق علیہ، ایک بخاری میں، اور دو مسلم میں ہیں۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دور میں آپ کا انتقال ہوا۔[12]

حضرت اُمِّ سلیم رضی اللہ عنہا علم و حکمت، شجاعت، سخاوت، ایثار، صبر، اور محبت و اتباع رسول جیسی صفات سے متصف تھیں۔ آپ سے 14 احادیث مروی ہیں، جن میں سے ایک متفق علیہ، ایک بخاری میں، اور دو مسلم میں شامل ہیں۔ آپ کا انتقال حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دور میں ہوا۔

حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کا مختصر تعارف

حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کا اصل نام زید بن سہل بن اسود تھا۔ لیکن آپ بھی کنیت سے زیادہ مشہور تھے۔ والد کی طرف سے آپ کا نسب یہ ہے: زید بن سہل بن اسود بن حرام بن عمرو بن زید مناۃ بن عدی بن عمرو بن مالک بن نجار۔

آپ بہترین تیر انداز تھے اور بیعت عقبہ میں ستر انصاری صحابہ کے ساتھ رسول کریم ﷺ کے پاس حاضر ہوئے۔ آپ غزوہ بدر اور دیگر غزوات میں شریک رہے۔[13]

---

10 ابن سعد، محمد، طبقات ابن سعد، و من نساء بنی عدی بن النجّار، ام سلیم بنت ملحان، بیروت: دار الکتب العلمیہ، لبنان، ج 8، ص 312

Ibn Saʿd, Muḥammad. Ṭabaqāt Ibn Saʿd. wa min Nisā' Banī ʿAdī ibn al-Najjār, Umm Sulaym bint Milḥān, Bayrūt: Dār al-Kutub al-ʿIlmiyyah, Lubnān. Vol.8 Pg 312

11 ابن ماجہ، محمد بن یزید، سنن ابن ماجہ، ابواب ا لنکاح، باب الغناء والدف، دار الرسالۃ العالمیۃ، 1430ھ، ، حدیث نمبر 1899، ج 3، ص 92

Ibn Mājah, Muḥammad ibn Yazīd. Sunan Ibn Mājah. Abwāb al-Nikāḥ, Bāb al-Ghinā' wa al-Daff. Dār al-Risālah al-ʿĀlamiyyah, 1430H. , Raqm al-Ḥadīth 1899, Vol. 3, Pg 92

12 ابن سعد، محمد، طبقات ابن سعد، و من نساء بنی عدی بن النجّار، ام سلیم بنت ملحان، بیروت: دار الکتب العلمیہ، لبنان، ج 8، ص 314

Ibn Saʿd, Muḥammad. Ṭabaqāt Ibn Saʿd. wa min Nisā' Banī ʿAdī ibn al-Najjār, Umm Sulaym bint Milḥān,. Bayrūt: Dār al-Kutub al-ʿIlmiyyah, Lubnān. Vol. 8 Pg 314

13 الاکمال، باب الاول، حرف الطاء، فصل فی الصحابۃ، ابو طلحہ، ص 55

حضرت اُمِّ سلیم سے نکاح کے وقت آپ نے اسلام قبول کیا، جسے حضرت اُمِّ سلیم نے اپنا حق مہر قرار دیا۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے ان کی والدہ حضرت اُمِّ سلیم کو نکاح کا پیغام دیا، تو حضرت اُمِّ سلیم نے کہا کہ تمہارے جیسے شخص کو رد کرنے کا کوئی جواز نہیں، لیکن چونکہ تم کافر ہو اور میں مسلمان ہوں، اس لیے میرے لیے تمہارے ساتھ شادی کرنا جائز نہیں۔ اگر تم اسلام قبول کر لو تو تمہارا مسلمان ہونا ہی میرا حق مہر ہو گا۔ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا، اور ان کا مسلمان ہونا ہی حق مہر ٹھہرا۔[14] مدینہ منورہ کی ہجرت کے بعد، رسول کریم ﷺ نے حضرت ابو عبیدہ بن جراح اور حضرت ابو طلحہ کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔ غزوہ احد میں حضرت اُبو طلحہ نے رسول کریم ﷺ کا دفاع کیا۔ اس موقع پر وہ کہتے تھے: "یا رسول اللہ ﷺ! آپ کی گردن کے آگے میری گردن اور آپ کی ذات مبارکہ کے آگے میرا جسم ہے۔" رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ابو طلحہ کی آواز لشکر میں سو لوگوں سے بہتر اور بھاری ہے۔" آپ کی اولاد میں دو بیٹے ابو عمیر اور عبد اللہ شامل ہیں، جو دونوں صحابیت کا شرف رکھتے تھے۔[15]

حضرت ابو عمیر رضی اللہ عنہ کا مختصر تعارف

آپ کا نام کبشہ ہے۔ حضور اقدس ﷺ جب اُمِّ سُلیم رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لاتے تو ان پر نہائت شفقت فرماتے اور ان سے خوش طبعی فرماتے۔ ان سے خوش طبعی فرماتے ہوئے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا: یاابی عمیر ما فعل النغیر! اے ابو عمیر! تمہاری چڑیا کا کیا ہوا؟۔ ابو عمیر کا انتقال کم عمری میں ہی ہو گیا تھا۔[16]

حضرت ابو عمیر کا انتقال اور صبر و رضا کا انوکھا انداز

حضرت ابو عمیر رضی اللہ عنہ کے بچپن میں انتقال کر جانے اور اس پر حضرت اُمِّ سلیم رضی اللہ عنہا کے عظیم صبر و رضا کا انوکھا واقعہ صحیح بخاری و مسلم میں موجود ہے۔

صحیح بخاری میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کا ایک چھوٹا بچہ بیمار تھا۔ آپ کسی کام سے گھر سے باہر تھے کہ بچے کا انتقال ہو گیا، واپس آکر بچے کا حال پوچھا تو بچے کی ماں حضرت اُمِ سُلیم رضی اللہ عنہا نے کہا: آپ کا بچہ پہلے سے زیادہ پُر سکون حالت میں ہے، پھر ان کے سامنے کھانا رکھا، انہوں نے کھایا اور پھر بیوی سے ہمبستر ہوئے اس کے بعد اُم سلیم نے کہا: بچے کو دفن کرو۔ پھر صبح کے وقت حضرتِ ابو طلحہ رضی اللہ عنہحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور واقعہ سنایا۔ آپ ﷺ نے پوچھا: کیا تم نے رات کو ہمبستری کی؟ عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے دعا مانگی: اے اللہ! ان دونوں کو برکت دے۔ چنانچہ ان کے ہاں بچہ پیدا ہوا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: اسے اٹھا کر حضور ﷺ کی خدمت میں لے جاؤ ساتھ ہی کچھ کھجوریں بھی دِیں۔ حضور ﷺ نے پوچھا: اس کے ساتھ کچھ ہے؟ عرض کی: چند کھجوریں ہیں۔ آپ ﷺ نے

Al-Ikmāl. Bāb al-Awwal, Ḥarf al-Ṭāʾ, Fap.l fī al-P.aḥābah, Abū Ṭalḥah, P. 55.

[14] ابن سعد، محمد، طبقات ابن سعد، ومن نساء بنی عدی بن النجّار، ام سلیم بنت ملحان، بیروت: دار الکتب العلمیہ، لبنان، ج، 8ص314

Ibn Saʿd, Muḥammad. *Ṭabaqāt Ibn Saʿd*. wa min Nisā' Banī ʿAdī ibn al-Najjār, Umm Sulaym bint Milḥān. Bayrūt: Dār al-Kutub al-ʿIlmiyyah, Lubnān. Vol. 8 Pg 314

[15] الاکمال، باب الاول، حرف الطاء، فصل فی الصحابۃ، ابو طلحہ، ص55

Al-Ikmāl. Bāb al-Awwal, Ḥarf al-Ṭāʾ, Fap.l fī al-P.aḥābah, Abū Ṭalḥah, P 55

[16] الاکمال، باب الاول، حرف الطاء، فصل فی الصحابۃ، ابو طلحہ، ص55، مراۃ المناجیح، 494/6

Al-Ikmāl. Bāb al-Awwal, Ḥarf al-Ṭāʾ, Fap.l fī al-P.aḥābah, Abū Ṭalḥah, Mir'āt al-Manājīḥ, 6/494 , P 55

کھجوریں چبا کر بچے کے منہ میں رکھ دیں اور یوں اس کی تحنیک فرمائی اور اس کا نام عبداللہ رکھا۔ بخاری کی روایت میں ہے: ابن عُیینہ فرماتے ہیں: ایک انصاری نے بتایا کہ میں نے عبداللہ کی اولاد سے نو لڑکوں کو دیکھا سب کے سب قرآن کے قاری تھے۔[17]

اس حدیث کی شرح کرتے ہوئے علامہ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ نے درج ذیل فوائد اخذ کئے ہیں:

(۱) مصیبت کے وقت غم کا اظہار نہیں کرنا چاہیے جیسا کہ حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے صبر کیا اور اپنے نفس پر غالب رہیں۔

(۲) اس حدیث میں حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا کے عظیم صبر اور ان کے راضی بقضاء (تقدیر پر راضی) رہنے کی تعریف ہے۔

(۳) ضرورت کے وقت توریہ (یعنی لفظ کے ظاہری معنی چھوڑ کر دوسرا معنیٰ مراد لینا) کرنا جائز ہے اور توریہ کے جائز ہونے کی شرط یہ ہے کہ اس سے کسی مسلمان کا حق زائل نہ ہو۔

(۴) عورت کا اپنے شوہر کی خواہش کے لئے بننا سنورنا جائز ہے۔

(۵) جو اپنی محبوب چیز چلی جانے پر رضائے الٰہی کیلئے صبر کرے تو اللہ تعالیٰ اسے پہلے سے بہتر شے عطا فرماتا ہے جیسا کہ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کا ایک بیٹا (ابو عُمیر) فوت ہوا تو ان کی اولاد میں نو بیٹے ہوئے جو سب کے سب قرآن کے قاری تھے۔

(۶) جو رخصت کو چھوڑنے پر قادر ہو اُسے چاہیے کہ وہ عزیمت پر عمل کرے کیونکہ اس سے بندہ بلند درجات اور اجر عظیم پاتا ہے۔

(۷) رسول کریم ﷺ کی دعائیں بارگاہ الٰہی میں مقبول و مستجاب ہیں۔[18]

حضرت عبداللہ بن ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کا مختصر تعارف

حضرت ابو طلحہ کے چھوٹے صاحبزادے ہیں۔ غزوہ حنین کے بعد پیدا ہوئے۔ حضور ﷺ ان کی خود تحنیک فرمائی۔ ایک قول کے مطابق 84ھ میں انہوں نے مدینہ منورہ میں انتقال فرمایا۔[19] ان کی اولاد میں اللہ تعالیٰ نے بڑے علماء و صلحاء پیدا فرمائے۔

ترجمہ فوائد حدیث ابی عمیر

مولف رسالہ "فوائد حدیث ابی عمیر" علامہ ابن القاص طبری رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث ابو عمیر سے فوائد اخذ کرنے سے قبل اس حدیث کے متن کو درج ذیل پانچ مختلف طرق و اسناد سے ذکر کیا ہے۔ سب جگہ راوی حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ ہیں:

(1) أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، نا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِأَخٍ لَهُ صَغِيرٍ: يَا أَبَا عُمَيْرٍ، مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ.[20]

---

17 بخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، کتاب العقیقۃ، باب تسمیۃ المولود غداۃ یولد...الخ، حدیث نمبر: 5470، ج 3، ص 547
Al-Bukhārī, Muḥammad ibn Ismāʿīl. *P.aḥīḥ al-Bukhārī*. Kitāb al-ʿAqīqah, Bāb Tasmiyat al-Mawlūd Ghadāt Yūlad... al-Kh, Raqm al-Ḥadīth: 5470, Vol. 3 , Pg 547

18 عینی، بدر الدین، عمدۃ القاری، بخاری، تحت الحدیث: 1301، ملخصا، بیروت: دار المعرفۃ، لبنان، ج 6، ص 136
Al-ʿAynī, Badr al-Dīn. *ʿUmdat al-Qārī*. Bukhārī, Mulakhkhap.an. Bayrūt: Dār al-Maʿrifah, Lubnān. Taḥt al-Ḥadīth: 1301, Vol. 6 , Pg 136

19 ابن حجر العسقلانی، احمد بن علی، الاصابۃ، القسم الثانی من حرف العین، عبداللہ بن ابی طلحۃ...الخ، ملخصًا، ج 5، ص 12
Ibn Ḥajar al-ʿAsqalānī, Aḥmad ibn ʿAlī. *Al-Ip.ābah*. al-Qism al-Thānī min Ḥarf al-ʿAyn, ʿAbd Allāh ibn Abī Ṭalḥah... al-Kh, , Mulakhkhap.an.Vol. 5 , Pg 12

20 بخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، کتاب الادب، باب الانبساط الی الناس، مصر: دار طوق النجاۃ، 1422ھ، 8 حدیث نمبر 6129، ج 8، ص 30
Al-Bukhārī, Muḥammad ibn Ismāʿīl. *P.aḥīḥ al-Bukhārī*. Kitāb al-Adab, Bāb al-Inbisāṭ ilā al-Nās. Mip.r: Dār Ṭawq al-Najāh, 1422H, , Raqm al-Ḥadīth 6129, Vol. 8 , Pg 30

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ان کے چھوٹے بھائی کو یہ فرمایا: ’’اے ابو عمیر! وہ نُغَیر[21] کا کیا ہوا؟۔

(2) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ،وَأَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ الْمَوْصِلِيُّ قَالَا:ثَنَامُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ الْبَصْرِيُّ،ثَنَامُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ،عَنْ هِشَامٍ،عَنْ مُحَمَّدٍ،عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،قَالَ:كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْشَانَاوَيُخَالِطُنَا،فَكَانَ مَعَنَا صَبِيٌّ يُقَالُ لَهُ أَبُو عُمَيْرٍ،فَقَالَ:يَاأَبَاعُمَيْرٍ،مَافَعَلَ النُّغَيْرُ۔[22]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس اکثر تشریف لاتے اور ہم میں گھل مل جاتے۔ ہمارے ہاں ایک چھوٹا بچہ تھا جسے ابو عُمیر کہا جاتا تھا۔ حضور ﷺ نے اُسے ارشاد فرمایا: ’’اے ابو عُمیر! وہ نُغیر (چڑیا) کا کیا ہوا؟‘‘۔

(3) حَدَّثَنَاعَبْدُ اللَّهِ بْنُ غَنَّامٍ الْكُوفِيُّ،ثنَاأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ،ناوَكِيعٌ،عَنْ شُعْبَةَ،عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ الضُّبَعِيِّ، قَالَ:سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ:كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَالِطُنَا،وَنَضَحْنَالَهُ بِسَاطًا لَنَا فَصَلَّى عَلَيْهِ، وَكَانَ يَقُولُ لِأَخٍ لِي:يَا أَبَا عُمَيْرٍ، مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ۔[23]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے گھر تشریف لاتے، ہم میں گھل مل جاتے اور ہم ان کیلئے ایک چٹائی بچھاتے۔ جس پر آپ نماز ادا فرماتے۔ اور میرے بھائی سے فرماتے: ’’اے ابو عُمیر! وہ نُغیر (چڑیا) کا کیا ہوا؟‘‘۔

(4) حَدَّثَنَاإِسْحَاقُ بْنُ أَحْمَدَ الْخُزَاعِيُّ،ثَنَامُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ أَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ،نامَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ،عَنْ حُمَيْدٍ،عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،قَالَ:كَانَ بُنَيٌّ لِأَبِي طَلْحَةَ يُكْنَّى أَبَا عُمَيْرٍ،وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَاجَاءَإِلَى أُمِّ سُلَيْمٍ مَازَحَهُ،فَدَخَلَ فَرَآهُ حَزِينًا،فَقَالَ:مَا بَالُ أَبِي عُمَيْرٍحَزِينًا ؟فَقَالُوا:مَاتَ،يَا رَسُولَ اللَّهِ،نُغَيْرُهُ الَّذِي كَانَ يَلْعَبُ بِهِ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:أَبَا عُمَيْرٍ،مَافَعَلَ النُّغَيْرُ ؟ قَالَ أَنَسٌ:وَمَا مَسِسْتُ شَيْئًا قَطُّ-خَزَّةً،وَلَاحَرِيرَةً-أَلْيَنَ مِنْ كَفِّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[24]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کا صاحبزادہ جس کی کنیت ابو عمیر تھی۔ نبی کریم ﷺ جب اُم سُلیم رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لاتے تو اُس سے خوش طبعی فرماتے۔ ایک بار تشریف لائے تو ابو عُمیر کو افسردہ حالت میں دیکھ کر پوچھا: ابو عمیر کیوں پریشان ہے؟ عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! اس کا نُغیر مر گیا ہے جس سے وہ کھیلا کرتا تھا، اس وجہ سے یہ پریشان ہے۔ رسول اللہ ﷺ اُس سے فرمانے لگے: ’’اے ابو عُمیر! وہ نُغیر (چڑیا) کا کیا ہوا؟۔‘‘ انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کی ہتھیلیوں سے زیادہ نرم ریشم یا کپڑے کو نہیں چُھوا۔

(5) حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ الْمَوْصِلِيُّ،نا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ،عَنْ حُمَيْدٍ،عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ:أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْتِي أُمَّ سُلَيْمٍ، وَكَانَ إِذَا مَشَى يَتَوَكَّأُ، فَكَانَ يَنَامُ عَلَى فِرَاشِهَا ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيثَ بِطُولِهِ۔[25]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب کبھی سفر کی تھکاوٹ محسوس فرماتے تو حضرت اُم سُلیم رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لاتے۔ یہاں بستر پر آرام فرماتے۔ آگے وہی طویل قصہ ذکر کیا ہے۔

---

[21] نُغیر، نُغَر کی تصغیر ہے، نُغیر ایک سُرخ چونچ والا چڑیا کی طرح کا ایک پرندہ ہے، ابن اثیر، مجد الدین، النھایۃ فی غریب الحدیث والاثر، ج 1، ص 84
Ibn Athīr, Majd al-Dīn. *Al-Nihāyah fī Gharīb al-Ḥadīth wa al-Athar*.Vol. 1 , Pg 84.

[22] ابن ماجہ، محمد بن یزید، سنن ابن ماجہ، کتاب الادب، باب المزاح، بیروت: دار احیاء الکتب العربی، حدیث نمبر 3720، ج 2، ص 1226
Ibn Mājah, Muḥammad ibn Yazīd. *Sunan Ibn Mājah*. Kitāb al-Adab, Bāb al-Mizāḥ, Bayrūt: Dār Iḥyā᾽ al-Kutub al-ʿArabiyyah. Ḥadīth 3720, Vol. 2 , Pg 1226

[23] بخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، کتاب الادب، باب الکنیۃ للصبی وقبل ان یولد الرجل، مصر: دار طوق النجاہ، 1422ھ، حدیث نمبر 6203، ج 8، ص 845
Al-Bukhārī, Muḥammad ibn Ismāʿīl. *P.aḥīḥ al-Bukhārī*. Kitāb al-Adab, Bāb al-Kunyah lil-P.abī wa Qabla an Yūlad al-Rajul, Mip.r: Dār Ṭawq al-Najāh, 1422H. , Raqm al-Ḥadīth 6203, Vol. 8 , Pg 45

[24] نسائی، احمد بن شعیب، سنن کبری للنسائی، کتاب عمل الیوم واللیلۃ، باب التسلیم علی الصبیان ودعاء لھم وممازحتھم، بیروت: مؤسسۃ الرسالۃ، 1421ھ، ج 9، ص 132
Al-Nasāʾī, Aḥmad ibn Shuʿayb. *Sunan al-Kubrā lil-Nasāʾī*. Kitāb ʿAmal al-Yawm wa al-Laylah, Bāb al-Taslīm ʿalā al-P.ibyān wa Duʿā' Lahum wa Mamāzahatihim, Bayrūt: Muʾassasat al-Risālah, 1421H.Vol. 9, Pg 132

[25] ابن حجر العسقلانی، احمد بن علی، فتح الباری، کتاب الادب، قولہ باب الکنیۃ، بیروت: دار المعرفۃ، 1421ھ، تحت الحدیث 6202، ج 10 ص 583
Ibn Ḥajar al-ʿAsqalānī, Aḥmad ibn ʿAlī. *Fatḥ al-Bārī Sharḥ P.aḥīḥ al-Bukhārī*. Kitāb al-Adab, Qawluhu Bāb al-Kunyah.Bayrūt: Dār al-Maʿrifah, 1421H. al-Ḥadīth 6202,VOl.10 , Pg 583.

مؤلف علامہ ابن القاص طبری رحمۃ اللہ علیہ نے مذکور روایات کو ذکر کرنے کے بعد فرمایا: ہم نے جو حدیث ابو عمیر رضی اللہ عنہ نقل کی ہے، اس میں فقہ، سنت اور فنون کی وجوہ اور ساٹھ (سے زائد) طرح کے درج ذیل فوائد و حکمتیں ہیں۔

چلنے میں رفتار کی کیفیت: چلنے والے کے لئے سنت یہ ہے کہ وہ نہ زیادہ تیز چلے اور نہ ہی سست چلے کہ نبی کریم ﷺ جب چلتے تو آگے کی جانب جھکے ہوئے ہوتے گویا کسی بلندی سے اُتر رہے ہیں۔

دوسروں سے ملاقات کیلئے جانا: دوسروں سے ملاقات کیلئے جانا سنت ہے۔

اجنبیہ عورتوں کو دیکھنے کی رخصت: مردوں کیلئے اجنبی عورتوں (بوڑھی اور جن سے فتنے کا خوف نہ ہو) کو دیکھنے کی رخصت ہے۔[26]

عوام کے پاس حاکم کے جانے کا جواز: اس حدیث میں حاکم کیلئے رعایا سے ملاقات کا جواز۔

بغیر تفریق کے عوام سے میل جول: حاکم جب ملاقات کیلئے کسی کو خاص کرے پھر بعض کو چھوڑ کر بعض سے ملاقات کرے تو یہ میلان نہیں ہو گا۔ بعض اہل علم نے اسے حکمرانوں کے لیے ناپسند جانتے تھے۔

حکمران کی عاجزی: اور جو کچھ ہم نے بیان کیا ہے اگر یہ ثابت ہو جائے تو اس میں رعایا کے لئے حکمران کی عاجزی کا ایک پہلو ہے۔

حکمرانوں کا دربان رکھنا: اس میں حکمرانوں کے دربان رکھنے کی کراہیت کا ثبوت۔

حاکم کا اکیلئے سفر کرنا: اس میں اشارہ ہے کہ حاکم اکیلے بھی (بغیر کسی پروٹوکول کے) سفر کر سکتا ہے۔

حاکم وامراء کا غیر ضروری پروٹوکول: حکمرانوں اور امراء کیلئے آگے چابک ہونا ایک ناپسندیدہ معاملہ ہے۔ کیونکہ (ایک صحابی رسول سے) مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو منیٰ میں اونٹنی پر دیکھا اس حال میں کہ آپ نے نہ کسی کو مارا نہ کسی کو دھکیلا نہ ہٹو بچو کا شور تھا۔

حضرت ابو طلحہ کے گھر بکثرت تشریف آوری: حدیث کے یہ الفاظ يَغْشَانَا (وہ ہمارے پاس بکثرت تشریف لاتے) میں اس بات کا ثبوت ہے کہ حضور ﷺ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کے یہاں بکثرت تشریف لایا کرتے۔

زیادہ ملاقاتوں کے فائدے: بکثرت ملاقات کرنا محبت کو زیادہ کرتا ہے نہ ہی کم جب کہ یہ ملاقات بغیر کسی حرص و طمع کے ہو۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی زیادہ ملاقاتیں: جہاں تک نبی کریم ﷺ کے اس فرمان کی بات ہے جو انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا کہ "کبھی کبھی ملا کرو محبت زیادہ ہو گی"۔ اہل علم نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ ان کی بار بار ملاقات میں غرض پوشیدہ ہوتی تھی کیونکہ وہ فقر و فاقہ کا شکار تھے۔ اور نبی ﷺ نے ان کیلئے ایک توشہ دان تیار کیا تھا۔ لہذا وہ اس میں جب بھی ضرورت کے وقت ہاتھ ڈالتے تو وہ اپنی ضرورت پوری کر لیتے۔ لہذا وہ تو بغیر طمع کے ہی زیارت سے مستفید ہو جاتے تھے۔

مومن و منافق میں فرق: حضرت انس رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا: يُخَالِطُنَا (وہ ہم میں گھل مل جایا کرتے) محبت و الفت پر دلالت کرتا ہے نہ کہ نفرت پر اور یہ (گھل مل جانا) مومن کی صفت ہے۔ جیسا کہ مروی ہے کہ "مومن محبت کرنے والا جبکہ منافق نفرت کرنے والا ہوتا ہے۔"

مسلمانوں سے میل جول کے فوائد و نقصانات: حدیث میں جو بیان کیا گیا ہے کہ لوگوں سے ایسے دور بھاگو جیسے شیر سے بھاگتے ہو۔ یہ اس صورت میں ہے جب ان کی ملاقات سے نقصان کا اندیشہ ہے ورنہ جس ملاقات میں مسلمانوں کیلئے فائدہ تو اس میں مخالطت (گھل مل جانا) زیادہ بہتر ہے۔

---

[26] ابن حجر العسقلانی، احمد بن علی، "اس میں اجنبی عورت کو دیکھنے کا جواز ہے اس صورت میں جب عورت جوان نہ ہو اور فتنے کا خوف نہ ہو، "فتح الباری، ج10 ص600
Ibn Ḥajar al-ʿAsqalānī, Aḥmad ibn ʿAlī. "fīhā Ijnābī Marʾah ku Dīdah kā Jawāz hai fī hādhā al-P.ūrah idhā Marʾah Jawān lā takūn wa Fitnah kā Khawf lā yakūn." *Fatḥ al-Bārī Sharḥ P.aḥīḥ al-Bukhārī*, Vol. 10 , Pg 600

نوجوان اور بوڑھی خواتین کے مابین معاشرت میں فرق: اس میں نوجوان اور بوڑھی عورتوں کے درمیان معاشرتی فرق کی نشاندہی ہے۔ جیسا کہ حضور ﷺ نے اس شخص کے سامنے عذر پیش فرمایا جس نے آپ کو حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ کھڑے دیکھا۔ جبکہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کے یہاں تشریف لے جانے پر کسی قسم کی عذر پیش نہیں فرمایا (کیونکہ وہ بوڑھی تھیں) بلکہ ان کے یہاں بکثرت تشریف لے جاتے تھے۔

رسول کریم ﷺ کی مبارک ہتھیلیاں: حضرت انس رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا: وَمَامَسِسْتُ شَيْئًاقَطُّ خَزَّةً، وَلاحَرِيْرَةً أَلْيَنَ مِنْ كَفِّ رَسُوْلِ الله (یعنی میں نے کبھی کسی ریشم یا ریشمی کپڑے کو نہیں چھوا جو رسول اللہ ﷺ کی ہتھیلی سے زیادہ نرم ہو): اس سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ نے ان سے مصافحہ فرمایا۔ جب مصافحہ فرمانا ثابت ہو گیا تو ملاقات کیلئے جانے والے کا سلام کرنا بدرجہ اولیٰ ثابت ہو گیا۔

مصافحہ سنت: اس میں حضور ﷺ کے مصافحہ فرمانے کی طرف اشارہ ہے۔

اجنبیہ عورتوں سے مصافحہ: اور یہ بھی معلوم ہوا کہ مصافحہ صرف مرد کرے عورت نہ کرے۔ کیونکہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے یہ نہیں کہا: فَمَا مَسَسْنَا ہم نے جب بھی چھوا) بلکہ فرمایا: مَامَسَسْتُ میں نے جب بھی چھُوا) اور اسی طرح حضور ﷺ کی سنت مبارکہ یہ تھی کہ سلام اور بیعت کرنے میں عورتوں کے بجائے مردوں سے مصافحہ فرماتے۔

مبارک ہتھیلیوں کی لطافت: اس میں حضور کی مبارک ہتھیلیوں کی نرمی کے ذکر میں اس بات کا ثبوت ہے کہ نمازی کو جان بوجھ کر سجدہ میں ہاتھوں پر زیادہ انحصار (سختی) نہیں کرنا چاہئے۔ جیسا کہ بعض علماء نے اس کو اختیار کیا ہے۔ جب انہوں نے حضور ﷺ کے اوصاف میں یہ بات پائی کہ آپ کے مبارک ہاتھ کی ہتھیلیاں اور پاؤں پُر گوشت تھے، تو یہ کہا کہ: سجدے میں دونوں ہاتھوں پر انحصار (دباؤ ڈالنا) چاہئے تاکہ پیشانی کے بجائے ہاتھ متاثر ہوں۔ (یعنی پیشانی کے بجائے ہاتھوں پر دباؤ پڑے)

میزبان کے گھر نماز پڑھنا: اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ کسی کے گھر ملاقات کیلئے جانے والے کو اس گھر میں نماز پڑھنے کا اختیار ہے۔ جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے اُم سلیم کے گھر نماز ادا فرمائی۔

چٹائی وغیرہ پر نماز: بعض اہل علم کے قول کے مطابق اس حدیث میں اس بات کی دلیل ہے، فرشِ زمین، کھجور کے پتوں یا چٹائی پر نماز پڑھنا سنت ہے۔ اور بعض روایات میں ہے کہ وہ چٹائی پرانی اور بوسیدہ تھی۔ یہ اس لئے کہ بعض لوگ چٹائی پر نماز پڑھنے کو ناپسند کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے دلیل لیتے تھے کہ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ حَصِيرًا: "اور ہم نے جہنم کو کافروں کا قید خانہ بنایا ہے۔"[27]

ترک تکلف سنت نبوی: حضرت انس رضی اللہ عنہ ان کا اس چٹائی پر پانی کا چھڑکاؤ کرنا اور آپ کا اس پر نماز پڑھنا باجود اس کے آپ ﷺ جانتے تھے کہ گھر میں ایک چھوٹا بچہ ہے، اس بات کی دلیل ہے کہ تکلف کو ترک کرنا سنت ہے۔

تمام اشیاء میں اصل طہارت: اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ تمام اشیاء پاک ہوتی ہیں جب تک نجاست کا یقینی طور پر معلوم نہ ہو جائے۔

نماز ادا کرنے میں کیفیت: اور رسول اللہ ﷺ کے لیے فرش پر پانی کا چھڑکاؤ کرنے میں اس بات کا ثبوت ہے کہ نمازی کو اس بات کا اختیار ہے کہ وہ نماز کیلئے سب سے پُر سکون۔ آسان اور کشادہ حالت میں اور جیسے ممکن ہو کھڑا ہو۔ نہ کہ انتہائی سخت اور شدت والی حالت میں تاکہ ایسا نہ ہو کہ مشقت اس کو نماز کے آداب اور خشوع سے دور کر دے، جیسا کہ بھوکے کو نماز سے پہلے کھانا کھانے کا حکم دیا گیا ہے۔ بر خلاف اس موقف کے جو بعض مجتہدین نے اختیار کیا، اور انہوں نے گمان کیا کہ انتہائی مشکل کیفیت میں نماز کیلئے کھڑے ہو جانا چاہئے۔ جیسا کہ بعض حضرات سے مروی ہے کہ وہ رات کو نماز کیلئے ٹاٹ کا لباس زیب تن کرتے اور پاؤں کو باندھ دیتے تھے۔

---

[27] القرآن 17 : 8

Al-Qur'ān 17 : 8

آپ ﷺ کے ابو طلحہ رضی اللہ عنہ گھر نماز پڑھنے کی وجہ: آپ ﷺ کا (اُمّ سُلیم رضی اللہ عنہا) کے گھر نماز ادا فرمانا اس لئے ہے تاکہ وہ نماز سیکھ سکیں۔ اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ عالم علم سیکھانے کیلئے کسی کے گھر بھی جاسکتا ہے مگر اس صورت میں جب علم کی بے توقیری کا اندیشہ نہ ہو۔ کیونکہ مروی ہے کہ **اَنَّ الْعِلْمَ یُؤتیٰ وَلَایَاتِیْ** ''علم کے پاس جایا جاتا ہے علم کو لایا نہیں جاتا''۔ لیکن یہ اسی صورت میں ہے جب علم کی بے توقیری ہو یا متعلم کی طرف سے عالم پر تکبر یا فخر ہو۔

خاندان ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کی خصوصیت: اس میں حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کے خاندان کی خصوصیت کی طرف اشارہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کے گھر میں نماز ادا فرمائی۔

گھر میں سمت قبلہ کا تعین: اور ابو طلحہ کے گھر والوں کا رسول اللہ ﷺ کی نماز کیلئے اپنے گھر میں صحیح قبلہ رخ کا تعین رسول اللہ کی طرف سے بذریعہ نص کے ہے نہ کہ دلائل وعلامات سے۔

رسول اللہ ﷺ کا مزاح: حضرت انس رضی اللہ عنہ کا فرمانا: وَكَانَ رَسُول الله صَلىَّ اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّم إذَاجَاءَ مَازَحَهُ ''جب بھی رسول اللہ ﷺ تشریف لاتے تو ان کے ساتھ خوش طبعی فرماتے) سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ ان کے ساتھ کثرت سے خوش طبعی فرماتے، اگر ایسا تھا تو اس سے دو چیزیں معلوم ہوتی ہیں:

بچوں سے مزاح کا جواز: ایک یہ کہ بچوں کے ساتھ مذاح اور خوش طبعی کرنا جائز ہے۔

مزاح کبھی کبھار ہو: دوسرا: یہ مباح ہونا بطور سنت کے ہے نہ کہ اباحت رخصت۔ کیونکہ اگر یہ اباحت رخصت ہوتی تو زیادہ مناسب تھا کہ کثرت سے نہ کریں ۔ جیسا کہ نمازی کا دوران نماز کنکریوں کو ہاتھ سے پلٹنے کے بارے میں فرمایا: اگر ضروری ہو تو ایک ہی بار ایسا کرے۔ کیونکہ یہ رخصت ہے، سنت نہیں۔

مزاح ترک تکبر کی دلیل: آپ ﷺ کا مزاح فرمانا اس بات کی دلیل ہے کہ آپ ﷺ کے مزاج میں تکبر و برتری بالکل نہ تھی۔

رسول اللہ ﷺ کے اخلاق کریمہ: اس میں رسول اللہ ﷺ کے اعلیٰ حسن اخلاق کی طرف اشارہ ہے۔

گھر و باہر مومن کی کیفیت کیسی ہونی چاہئے: اس میں دلیل ہے کہ مومن کے لیے جائز ہے کہ گھر میں اس کی حالت و مزاج باہر کی نسبت ذرا مختلف ہو، یعنی وہ جب گھر میں ہو تو زیادہ مذاح کرے لیکن جب باہر نکلے تو باوقار طریقے سے رہے۔ جیسا کہ مروی ہے کہ: زید بن ثابت اپنے اہل خانہ میں ہونے کے باوجود لوگوں کو بھی دستیاب ہوتے۔

منافق کے نفاق کی وجوہات: جب ایسا ہو جیسا ہم نے بیان کیا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ منافق کی عادات کے متعلق جو کچھ بیان کیا گیا ہے کہ اس کی خلوت اس کی جلوت سے مختلف ہوتی ہے تو یہ عمومی طور پر نہیں۔ بلکہ اس کی بنیاد ریاء اور نفاق پر ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا وَإِذَا خَلَوْا إِلَى شَيَاطِينِهِمْ قَالُوا إِنَّا مَعَكُمْ إِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِئُونَ [28]. اور جب ایمان والوں سے ملیں تو کہیں ہم ایمان لائے اور جب اپنے شیطانوں کے پاس اکیلے ہوں تو کہیں ہم تمہارے ساتھ ہیں ہم تو یونہی ہنسی کرتے ہیں۔''

چہروں کے تاثرات پڑھنے کی دلیل: راوی کا کہنا: فَرَآهُ حَزِينًا آپ ﷺ نے ابو عمیر کو اُداس دیکھا): میں چہروں کے تاثرات پڑھنے (Face Reading) کی صلاحیت پر دلیل ہے۔ اور بعض اہل فراست نے اسی بات کو دلیل بنا کر اس موضوع پر طویل گفتگو فرمائی ہے۔ جس کو میں یہاں ذکر کرنا مناسب نہیں سمجھتا کیونکہ یہ اس قسم کی گفتگو کا محل نہیں ہے۔

---

[28] القرآن 2 : 14

Al-Qur'ān 2 : 14

اہل خانہ کے حالات سے واقفیت: اس میں اہل خانہ کے حال کا اندازہ لگانے کی دلیل ہے۔ کیونکہ حضور ﷺ نے ابو عمیر کے چہرے کے ظاہری ملال سے دل میں چھپے ملال کا اندازہ لگالیا۔ یہاں تک کے ان سے اس کے متعلق پوچھ بھی لیا۔

مسلمانوں کی خبر گیری: آپ ﷺ کا یہ فرمانا: مَا بَالَ ابی عُمَیر (ابو عمیر کو کیا ہوا؟) میں مسلمان بھائی کو دیکھ کر اس کا حال احوال پوچھنے کی دلیل ہے۔(یعنی مسلمان بھائی سے مل کر اس کا حال پوچھنا سنت نبوی ہے۔)

سوال کرنے کے انداز: اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ بعض اہل علم نے کہا کہ حسن ادب میں سے ہے کہ دو سوالوں کے مابین الفاظ میں فرق کیا جائے۔ لہذا جب اپنے مخاطب بھائی کا حال پوچھو تو اس وقت کہو: مَالکَ تمہارا کیا حال ہے؟ جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: مَالکَ یَا اَبَا قتادَۃَ؟ اے ابو قتادہ تجھے کیا ہوا ہے؟۔ جب کسی اور کے بارے میں دریافت کرو تو یوں کہو مَابَالُ أَبِي فُلَانٍ؟ فلاں کو کیا ہوا؟۔ جیسا کہ اس حدیث میں نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مَا بَالُ اَبی عُمَیر ۔ابو عمیر کو کیا ہوا ہے؟۔

خبر واحد کا ثبوت: آپ ﷺ کا اہل خانہ سے ابو عمیر کے متعلق سوال کرنے میں ایک شخص کے جواب دینے میں خبر واحد کے اثبات کی دلیل ہے۔

بغیر اولاد کے کنیت رکھنا: اس میں اس بات کا ثبوت ہے کہ ایسے شخص کا کنیت رکھنا بھی درست ہے جو صاحب اولاد نہ ہو۔ البتہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بغیر اولاد کے کنیت رکھنے کو اس وقت تک ناپسند کرتے رہے جب تک کہ انہیں نبی کریم ﷺ کے متعلق بتایا نہیں گیا۔

بچوں کو کھیلنے کی اجازت: حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کے گھر والوں کا کہنا: مَاتَ نُغَیرُہُ الذی یَلْعَبُ بِہِ (اس کا نُغیر مر گیا جس کے ساتھ وہ کھیلا کرتا تھا): کسی ناپسندیدہ چیز کے متعلق آپ ﷺ کے سماعت فرمانے کے بعد اس کے متعلق سکوت فرمانا۔ اس میں بچوں کو کھیلنے کی اجازت پر دلیل ہے۔

بچوں کو اکیلا چھوڑ دینا: اس میں دلیل ہے کہ والدین اپنے بچوں کو کھیلنے کیلئے اکیلا چھوڑ سکتے ہیں۔ جب کہ وہ کھیل بُرا نہ ہو۔ البتہ بعض صالحین بچوں کو اکیلا چھوڑنے کو ناپسند کرتے تھے۔

بچوں کیلئے سامان تفریح خریدنا: اس میں دلیل ہے کہ بچوں کے کھلونوں پر پیسے خرچ کرنا، مال کو باطل طریقے سے خرچ کرنے کے مترادف نہیں ہے۔ جبکہ وہ سامان ممنوعہ تفریح کیلئے نہ ہو۔

پرندوں کو قید کرنا: اس میں پرندوں کو پنجرے میں رکھنے کا ثبوت ہے۔

پرندوں کے پر کاٹنا: اس میں پرندے کو اڑنے سے روکنے کیلئے اس کے پروں کو کاٹنے کا ثبوت ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ نغیر جس کے ساتھ ابو عمیر کھیلا کرتے تھے وہ پنجرے یا اس جیسی کسی چیز میں تھا۔ اسی طرح پرندوں کے پاؤں کو باندھنا۔ یا پروں کو ہلکا سا کاٹ دینا۔ ان دونوں میں سے جو بھی صورت پائی جائے بہر حال اس پر نص موجود ہے۔ باقی صورتوں کو بھی اس پر قیاس کیا جاسکتا ہے۔ البتہ بعض صحابہ کرام علیہم الرضوان پرندوں کے پَر کاٹنے اور انہیں پنجرے میں رکھنے کو ناپسند کرتے تھے۔

حدود حرم میں اور باہر شکار کے مسائل: اس قصہ اس بات پر دلیل ہے کہ اگر کوئی شخص حدود حرم سے باہر شکار کر کے حرم میں داخل ہو جائے تو اسے شکار کو باہر چھوڑنے کی ضرورت نہیں۔ یہ اس لیے ہے کہ نبی ﷺ نے مدینہ کی دو گھاٹیوں کے درمیان شکار سے منع فرمایا ہے۔ اور ابو عمیر کو مدینہ میں پرندے کو روکنے کی اجازت عطا فرمائی۔ ابن الزبیر حرم میں شکار روکنے کا فتویٰ دیتے تھے۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ جو شخص شکار کرے پھر احرام کے دوران شکار اس کے پاس ہو تو اس پر اُسے چھوڑ دینا لازم ہے۔ اسی طرح جب کوئی حدود حرم سے باہر شکار کر کے حرم میں داخل ہو جائے تو اس کیلئے بھی شکار کو باہر چھوڑنا لازم۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے مذکورہ دونوں مسئلوں میں فرق کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ جب کوئی شکار کرے پھر احرام باندھے درحال کہ شکار اس کے پاس ہو تو اسے چھوڑ دینا لازم ہے۔ لیکن جب کوئی حدود حرم سے باہر شکار کر کے حرم میں شکار لے کر داخل ہو گیا تو اس پر چھوڑ دینا لازم نہیں ہے۔

ناموں کی تصغیر کا جواز: [**مَا فَعَلَ النُّغَیر**](چڑیا نے کیا کیا؟)میں ناموں کی تصغیر کا جواز ہے۔ جیسا کہ نُغَیْر کی تصغیر نُغَیرۃ کی۔ حضور ﷺ کے فرمان کا یہی معنی ہے کہ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کے بیٹے کی کنیت ابو عمیر رکھی گئی ہے۔

مزاح کے وقت بچوں کا رونا: رسول کریم ﷺ نے جب ابو عمیر سے خوش طبعی فرمائی تو وہ رونا شروع ہو گئے۔ میں اس بات کی دلیل ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی جو حدیث ہے کہ: ''جب کوئی یتیم روتا ہے تو عرش الٰہی ہل جاتا ہے''۔ میں ہر طرح کا رونا مراد نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بچہ عموماً دو وجہ سے روتا ہے:

(۱)مزاح اور لاڈ پیار کرتے وقت رونا

(۲) غم، خوف، ظلم یا جس چیز کی بچے کو ضرورت ہو وہ نہ دی جائے تب بھی بچہ روتا ہے۔ لہذا آپ کسی یتیم بچے سے مزاح کریں یا لاڈ پیار دکھائیں اور وہ رونا شروع کر دے۔ تو اس رونے کی وجہ سے عرش الٰہی نہیں ہلے گا۔ ان شاءاللہ تعالیٰ

حکیم و دانا شخص کی خصوصیت: بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ حکیم و دانا شخص کسی غیر عاقل کے سامنے گفتگو نہیں کرتا۔ جبکہ بعض کے نزدیک حکیم کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ اپنی بات کسی غیر مناسب جگہ نہیں کرتا۔ اور اس حدیث میں اس بات کا ثبوت موجود ہے۔ کیونکہ نبی کریم ﷺ نے مزاح کے وقت چھوٹے بچے کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا: ''يَا أَبَا عُمَيْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ ''اور اسی طرح آپ نے جاننے کے باوجود براہ راست اس بچے سے سوال نہیں کیا۔ بلکہ فرمایا: مَابَالُ اَبِی عُمَیر۔ ابو عمیر کو کیا ہوا ہے ؟۔

لوگوں کی عقل و سمجھ کے مطابق گفتگو: اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ عقل مند شخص کو چاہئے کہ لوگوں سے ان کی عقل و سمجھ کے مطابق ان سے معاشرت اختیار کرے نہ کہ اپنی عقل و سمجھ کے مطابق لوگوں سے میل برتاؤ کرے۔

دن کے وقت آرام: رسول اللہ ﷺ کا ام سلیم رضی اللہ عنہا کے ہاں آرام فرمانا۔ اس بات کی دلیل ہے کہ (تعدد ازواج کے وقت) باری کی تقسیم رات کے ساتھ خاص ہے۔ اور اس بات میں کوئی حرج نہیں کہ مرد دن کے وقت کسی عورت کے ہاں آرام کرے جس دن اس کی باری نہ ہو۔

قیلولہ کی سنت: اس میں قیلولہ (دوپہر کے وقت کچھ دیر آرام کرنا) کے سنت ہونے کی دلیل ہے۔

حکمرانوں کا عوام کے پاس جا کر آرام کرنا: اس میں ان لوگوں کے موقف کے خلاف دلیل ہے کہ جنہوں نے کہا کہ حکام و امراء کا رعایا کے پاس جا کر سونا اور اس قسم کے اعمال ناپسندیدہ ہیں کیونکہ ان سے حکام کی مروت ختم ہو جاتی ہے۔

نامحرم عورت کی جگہ پر بیٹھنا: حضور ﷺ کا حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا کے بستر پر آرام فرمانا: اس میں ان لوگوں کے موقف کے برعکس دلیل ہے جو اس بات کو ناپسند کرتے ہیں کہ مرد نامحرم عورت کی جگہ پر بیٹھے یا اس کا کپڑا استعمال کرے اگرچہ وہ مردوں کے قد و قامت کے مطابق ہو۔

شوہر کی عدم موجودگی غیر محرم عورت کے گھر جانا: اس میں اس بات کا جواز بھی ملتا ہے کہ کوئی شخص شوہر کی عدم موجودگی میں کسی عورت کے گھر میں داخل ہو جائے اگرچہ وہ عورت اس کے محارم (قریبی رشتہ دار) میں سے نہ ہو۔

مہمان کا اعزاز و اکرام: نبی کریم ﷺ کیلئے فرش پر پانی چھڑکنا اور آپ ﷺ کا ان کے بستر پر آرام فرمانا۔ مہمان کے اعزاز و اکرام کی دلیل ہے۔

کچھ دیر خوش طبعی کرنا خلاف سنت نہیں: اس حدیث ابو عمیر سے معلوم ہوا کہ ہلکی پھلکی خوش طبعی کرنا، لطف لینا۔ سنت کے خلاف نہیں۔ جہاں تک اس حدیث کی بات ہے کہ میں کیسے خوش ہوں جب کہ صور پھونکنے والے فرشتے نے صور منہ میں لیا ہوا ہے۔ یہاں عموم مراد نہیں ہے بلکہ اس سے وہ صورت خارج ہے جس میں ہلکی پھلکی خوش طبعی ہو۔

مہمان کو دروازے تک رخصت کرنا ضروری نہیں: اس میں اس بات کی بھی دلیل ہے کہ میزبان پر لازم نہیں ہے کہ وہ مہمان کو دروازے تک رخصت کرنے جائے۔ جیسا کہ ایک حدیث میں نبی کریم ﷺ نے مہمان کو دروازے تک الوداع کرنے کا حکم دیا۔ کیونکہ اس روایت میں اہل خانہ کے آپ کو دروازے تک رخصت کرنے کا ذکر نہیں ہے۔

بارگاہ رسالت میں صحابہ کرام کی حاضری کے انداز: اہل علم کے مابین اس حدیث کی تشریح کے متعلق اختلاف ہے جو حضرت ہند بن ابی ہالہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے اوصاف کے متعلق ذکر کی کہ صحابہ کرام جب آپ ﷺ کے پاس حاضر ہوتے تو کچھ چکھے بغیر واپس نہیں لوٹتے تھے۔ بعض نے کہا اس چکھنے سے مراد کھانا ہے۔ بعض نے کہا اس سے مراد علم کا چکھنا ہے۔ لہذا اس حدیث میں ان لوگوں کی دلیل ہے جو کہتے تھے کہ چکھنے سے مراد علم کا ذائقہ ہے۔ کیونکہ اس میں کھانے کا ذائقہ چکھنے کا ذکر نہیں ہے۔

رسول اللہ ﷺ کا لوگوں میں گھل مل جانا: رسول اللہ ﷺ کے اوصاف میں سے تھا کہ جب آپ کسی مجلس میں تشریف لاتے تو ان میں گھل مل جاتے یہاں تک کہ ہر کوئی آپ سے برکت حاصل کرتا۔ اسی طرح آپ ﷺ نے ام سلیم رضی اللہ عنہا کے گھر میں تشریف لا کر حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مصافحہ فرمایا۔ چھوٹے بچے ابو عمیر سے مزاح فرمایا، ام سلیم کے بستر پر آرام فرمایا۔ یعنی سب اہل خانہ نے آپ سے برکتیں حاصل کیں۔

طرق حدیث کا تحفظ: چونکہ علم کا حصول ہر مسلمان پر فرض ہے، اس لئے طرق علم کا تحفظ کم از کم نفل کے درجے میں ہونا چاہئے۔ اس واقعہ میں بعض لوگوں نے خبر واحد کا انکار کیا۔ اس میں اختلاف کیا ہے۔ بعض نے دو گواہوں پر قیاس کرتے ہوئے دو لوگوں کی خبر کو جائز قرار دیا ہے۔ بعض لوگوں نے تین کی خبر کو جائز قرار دیا۔ اور اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے دلیل پکڑی کہ لَوْ لَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ[29]

"تو کیوں نہ ہوا کہ ان کے ہر گروہ میں سے ایک جماعت نکلے کہ دین کی سمجھ حاصل کریں"

بعض نے چار کی خبر کو جائز قرار دیا سب سے اعلیٰ و بڑی شہادت پر قیاس کرتے ہوئے۔ بعض نے کہا: اعتبار خبر کے شائع اور قابل استفادہ ہونے کا ہے۔ پس اخبار کے طرق کے تحفظ میں وہ عدد جس سے خبر واحد حدّ واحد سے نکل کر دو، تین اور چار کی خبر تک پہنچ جائے تاکہ وہ خبر شائع اور قابل استفاد بن جائے۔

طعن کی صورت میں طرق حدیث سے استدلال: اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر کسی حدیث کے متعدد طرق ہوں، بعض طرق پر طعن کیا گیا ہو تو راوی کسی دوسرے طریق سے دلیل پکڑ سکتا ہے۔ اور جب تک اسے کوئی دوسرا طریق نہ مل جائے تو اسے چھوڑنا لازم نہیں۔

محدثین کی روایت حدیث میں احتیاطیں: اس سے معلوم ہوتا ہے کہ محدثین ناقلین، راویوں اور ان کی کثرت علم و روایت کو جاننے سے بے نیاز نہیں ہوتے ۔ اور اس میں حدیث کے طرق، راویوں کی معرفت، تعداد اور کثرت روایت میں ان کے مراتب کا تحفظ ہے۔

طرق حدیث کی تحقیق: اس سے معلوم ہوا کہ محدثین جب حدیث کے طرق کی تفتیش کرتے ہیں تو اس سے انہیں غلطی کرنے والے کی غلطی، جھوٹے کا جھوٹ اور مدلس کی الگ کر دیتے ہیں۔

متعدد طرق حدیث کی تحقیق نہ کرنے والوں کیلئے احتیاط: اگر کوئی شخص متعدد طرق حدیث کی تحقیق نہ کرے بلکہ ایک ہی طریق پر اکتفا کرے تو اس پر لازم ہے کہ کم از کم اتنا کہہ دے کہ شائد اس طرق سے حدیث روایت کی گئی ہو اور میں نے تحقیق نہیں کی۔ ائمہ حدیث نے اس کو ترجیح دی ہو۔ علامہ ابن القاص طبری فرماتے ہیں: یہ فقہ، سنت اور فنون کے مکمل ساٹھ (بلکہ چھیاسٹھ) وجوہ فوائد و حکمتیں ہیں۔

"حدیث ابو عمیر" سے ماخوذ بارہ مزید فوائد و مسائل (فتح الباری کی روشنی میں):

امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس حدیث کے درج ذیل مزید فوائد ذکر کئے ہیں۔

(۱) فرش، چٹائی وغیرہ پر ایسا پانی چھڑکنا جس کے پاک ہونے کا یقین نہ ہو۔

---

[29] القرآن 9 : 122

Al-Qur'ān 9 : 122

(۲)اسماء(ناموں سے)سے ان کے معانی کا قصد نہیں کیا جاتا۔

(۳)مطلقا کسی کا نام رکھ دینا جھوٹ نہیں ہے۔کیونکہ چھوٹے بچے کا والد نہیں تھا مگر اسے ابو عمیر سے پکارا گیا۔

(۴)کلام کو مسجع و مقفع بنانے کا جواز ہے جب کہ اس سے تکلف نہ ہو۔

(۵)نبی سے سجع مقفع کلام کا صدور منع نہیں ہے۔جس طرح کہ شعری و شاعری کا صدور ان سے ممتنع ہے۔

(۶)مہمان کیلئے کھانے پینے کی اشیاء تیار کرنے کا جواز ہے۔

(۷)روایت بالمعنی کا جواز ثابت ہوتا ہے۔کیونکہ قصہ ایک ہی مگر مختلف الفاظ سے بیان کیا گیا ہے۔

(۸)اس میں حدیث کے بعض حصے کو ذکر کرنے، کبھی اس کو طویل کرنے اور کبھی اس کا خلاصہ بیان کرنے کا جواز ہے۔اور ممکن ہے کہ یہ تمام طریقے حضرت انس سے مروی ہوں یا ہو سکتا ہے کہ وہ ان کے بعد کسی راوی سے مروی ہو۔اور اکثر ان کے بعد کے افراد سے مروی ہوا۔اس سے مخارج کا اتحاد و اختلاف کا ظہور ہوتا ہے۔

(۹)چھوٹے بچے کے سر پر دست شفقت پھیرنے کا ثبوت ہے۔

(۱۰)کسی شخص کو اس کے نام کی تصغیر کے ساتھ بلانے جواز ہے جب کہ اسے تکلیف نہ ہو۔

(۱۱)اس شخص کے سوال کرنے کا جواز ہے جس کو پہلے سے علم ہو۔جیسا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ما فعل النغیر۔جب کہ آپ کو علم تھا کہ وہ مر گیا ہے۔

(۱۲)اس میں اپنے خادمین کے رشتہ داروں کا اکرام اور ان سے اظہار محبت کا ثبوت ہے۔کیونکہ وہ تمام چیزیں جو حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا نبی کریم ﷺ کے لئے تیار کر کے بھیجتی تھیں وہ آپ ﷺ کے خادم حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ذریعے بھی بھیجتی تھیں۔

حدیث ابو عمیر سے ماخوذ پانچ مزید فوائد و مسائل(مراۃ المناجیح کی روشنی میں)

حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کی شرح کرتے ہوئے درج ذیل فوائد نکالے ہیں:

(۱)چڑیا پالنا اسے پنجرے میں رکھنا اس سے بچوں کا کھیلنا جائز ہے بشر طیکہ اس کے دانہ پانی آرام کا خیال رکھے۔

(۲)حرم مدینہ میں شکار کرنا درست ہے ورنہ چڑیا کا پنجرہ میں رکھنا بھی حرام ہوتا جیسا کہ حرم مکہ کا حال ہے کہ وہاں نہ تو شکار کرنا درست ہے نہ شکار کو پنجرے وغیرہ میں رکھنا درست۔

(۳)معلوم بات کا پوچھنا کسی اچھے مقصد کیلئے درست ہے۔حضور کو خبر تھی کہ چڑیا مر گئی پھر بھی پوچھا کہ چڑیا کیا ہوئی۔

(۴)بچوں سے خوش طبعی کرنا ان کا دل بہلانے کے لیے جائز ہے۔

(۵)ہم وزن نام بولنا درست ہے جیسے حضور انور نے فرمایا ابو عمیر، نغیر۔خیال رہے کہ کبوتر پالنا درست ہے کبوتر بازی حرام ہے۔[30]

نتائج(Findings)

1. **تعلیم و تربیت کا ذریعہ**: حدیث ابو عمیر اسلامی تعلیم و تربیت کے لیے ایک بنیادی ذریعہ ہے۔اس حدیث میں بچوں کے ساتھ حسن سلوک، محبت اور شفقت کا عملی نمونہ پیش کیا گیا ہے۔

[30] القرآن الكريم، سورة التوبة، الآية 122
Al-Qur'ān al-Karīm, Sūrat al-Tawbah, al-āyah 122.

2. **اخلاقی اور سماجی رہنمائی:** اس حدیث سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ بچوں کے ساتھ مزاح اور خوش طبعی کرنا جائز ہے۔ یہ حدیث والدین اور اساتذہ کے لیے بچوں کے ساتھ اخلاقی اور سماجی روابط کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے۔
3. **فقہی فوائد:** حدیث میں بہت سے فقہی مسائل کا تذکرہ ہے جیسے کہ بچوں کے لیے کنیت رکھنا، پرندوں کو قید کرنا اور ان کے ساتھ کھیلنا، اور مزاح کے جواز کا بیان۔
4. **اخلاق نبوی کا اظہار:** نبی کریم ﷺ کے اخلاق عالیہ کا اظہار اس حدیث میں واضح ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے بچوں کے ساتھ خوش طبعی اور شفقت کا مظاہرہ کیا، جو کہ ایک مسلمان کے لیے بہترین نمونہ ہے۔
5. **تعلیمی نفسیات:** اس حدیث سے بچوں کی تعلیمی نفسیات پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ بچے کے ساتھ محبت اور شفقت کے ساتھ پیش آنا اس کی تعلیمی اور اخلاقی ترقی کے لیے مؤثر ثابت ہوتا ہے۔

سفارشات (Recommendations)

1. **اسلامی تعلیمی اداروں میں نفاذ:** اسلامی تعلیمی اداروں میں حدیث ابو عمیر کی تعلیم کو نصاب میں شامل کیا جائے تاکہ طلباء کو نبی کریم ﷺ کے اخلاق عالیہ اور تربیتی اصولوں سے آگاہی حاصل ہو۔
2. **اساتذہ کی تربیت:** اساتذہ کے لیے تربیتی ورکشاپس کا انعقاد کیا جائے جہاں انہیں بچوں کے ساتھ شفقت اور مزاح کے اصول سکھائے جائیں جو کہ حدیث ابو عمیر سے ماخوذ ہیں۔
3. **والدین کی رہنمائی:** والدین کے لیے بھی اس حدیث کی روشنی میں تربیتی نشستیں منعقد کی جائیں تاکہ وہ اپنے بچوں کے ساتھ محبت اور شفقت کے ساتھ پیش آئیں اور ان کی صحیح تربیت کر سکیں۔
4. **تعلیمی نفسیات میں تحقیق:** تعلیمی نفسیات کے ماہرین کو چاہیے کہ وہ حدیث ابو عمیر کی روشنی میں بچوں کی تعلیمی اور اخلاقی ترقی پر تحقیق کریں اور اس کے نتائج کو عملی طور پر نافذ کریں۔
5. **معاشرتی اصلاح:** معاشرتی اصلاح کے لیے اس حدیث کو عام کیا جائے تاکہ معاشرہ نبی کریم ﷺ کے اسوہ حسنہ کے مطابق بچوں کے ساتھ حسن سلوک کرے اور انہیں ایک بہترین معاشرتی ماحول فراہم کرے۔
6. **فقہی مسائل کا مزید مطالعہ:** فقہاء کو چاہیے کہ وہ اس حدیث کے تمام ممکنہ فقہی مسائل پر مزید تحقیق کریں اور انہیں فقہی کتب میں شامل کریں تاکہ اس حدیث سے زیادہ سے زیادہ رہنمائی حاصل کی جا سکے۔

This work is licensed under a Creative Commons Attribution-NonCommercial-ShareAlike 4.0 International (CC BY-NC-SA 4.0)